نمازِ کُسُوف اور خُسُوف - سورج اور چاند گرہن کے وقت پڑھی جانے والی نمازیں

تحقیق : علی ، سائتاما

سورج گرہن کے وقت دو رکعت نماز (صلوٰۃ کسوف) پڑھنا سُنّت ہے - سورج گرہن کی نماز جماعت سے ادا کرنی چاہیے -

چاند گرہن کے وقت بھی دورکعت نماز (صلوٰۃ خسوف) سُنّت ہے ، مگر اس میں جماعت مسنون نہیں- لوگ اپنے گھروں میں نماز ادا کر سکتے ہیں -

سورج گرہن کی نماز میں اذان اوراقامت نہیں- نماز میں بڑی بڑی سورتوں کا پڑھنا اور رکوع اور سجدوں کا دیر تک ادا کرنا سُنّت ہے - اس میں قرأت آہستہ کرنی چاہیے - نماز کے بعد امام کو دعا کرنی چاہیے - اگر گرہن کے دوران کسی دوسری نماز کا وقت نہ ہو تو گرہن کے ختم ہونے تک دعا جاری رکھنی چاہیے -

سورج اور چاند گرہن آخرت کی یاد دہانی کراتے ہیں- یہ وقت نماز ، مغفرت ، خیرات ، اور توبہ کا ہے - ہمیں اللہٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگنی چاہیے -